نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت دھان و دیگر فصلوں کی باقیات جلانے کی روک تھام کے حوالے سے اہم اجلاس

دھان کی باقیات کو آگ لگانے کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:**04** ستمبر **2026**: وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے سول سیکرٹریٹ لاہور میں صوبہ پنجاب میں دھان و دیگر فصلوں کی باقیات جلانے کی روک تھام کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ ایک طرف کسانوں کو فصلوں کی باقیات جلانے سے روکا جا رہا ہے، خلاف ورزی پر جرمانے کیے جا رہے ہیں، نوٹسز اور تنبیہی مراسلے جاری کیے جا رہے ہیں، جبکہ محکمہ زراعت پنجاب اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے عملی اقدامات بھی کر رہا ہے۔ایف آئی آر کا اندراج اور گرفتاری آخری مرحلہ ہے، تاہم محکمہ زراعت کی جانب سے کسانوں کو فصلوں کی باقیات تلف کرنے کے لیے متبادل سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔محکمہ زراعت پنجاب کی جانب سے سپر سیڈر، بیلرز اور ہارویسٹرز کی تعداد میں نمایاں اضافہ کیا گیا ہے۔ تین سے پانچ سال قبل سپر سیڈرز کی تعداد تقریباً 300 تھی، جو بڑھا کر 10 ہزار کر دی گئی ہے۔اسی طرح بیلرز کی تعداد چار، پانچ سے بڑھ کر تقریباً 150 جبکہ ہارویسٹرز کی تعداد 100 سے بڑھ کر تقریباً 450 ہو چکی ہے۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے خصوصی شرکت کی جبکہ دیگر افسران میں سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ڈائریکٹر جنرلز زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، انفارمیشن نوید عصمت کاہلوں اور فیلڈ مشتاق میر نے شرکت کی جبکہ صوبہ بھر کے زراعت توسیع کے ڈویژنل ڈائریکٹرز اور ڈپٹی ڈائریکٹرز نے آن لائن شرکت کی۔

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ مزید دھان کی باقیات کو آگ لگانے کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔دھان کی باقیات کو آگ لگانے کی روک تھام ایک چیلنجنگ ٹاسک ہے۔رواں برس سموگ کنٹرول مہم بھرپور انداز سے چلائی جائے گی۔دھان کی باقیات کو آگ نہ لگانے کے حوالے سے انتباہی نوٹسز دیے جا رہے ہیں اور کاشتکاروں کو دھان کی باقیات کو آگ لگانے سے روکا جا رہا ہے۔سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ سموگ کنٹرول آگاہی مہم کے لیے پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کا مؤثر استعمال کیا جائے گا اور دھان کی فصل کی کٹائی تک یہ مہم جاری رہے گی۔گزشتہ برس دھان کی

باقیات کو آگ لگانے کے واقعات میں 70 فیصد کمی واقع ہوئی۔

اجلاس کے دوران سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب کے تحت صوبائی اور ضلعی سطح پر فوکل پرسنز مقرر کر دیے گئے ہیں۔ انھوں نے ہدایت کی کہ مہم کی کامیابی کے لیے ضلعی سطح پر انتظامیہ کے ساتھ روابط مضبوط بنائے جائیں۔

☆☆☆☆